بینک دولت پاکستان
شعبۂ مبادلہ پالیسی
آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی–74000

ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 02 برائے 2019ء 16 جنوری 2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،
زرِ مبادلہ کے تمام مجاز ڈیلر

محترم / محترمہ،

ٹی ٹی چارجز کی واپسی کی اسکیم کے تحت رقوم کا لین دین / دیامیر بھاشا اور مہمند ڈیم فنڈ

مجاز ڈیلروں کی توجہ اُن ہدایات کی طرف دلائی جاتی ہے جو متعلقہ موضوع کے بارے میں ایف ڈی سرکلر نمبر 07 بتاریخ 7 ستمبر 2018ء، ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 08 بتاریخ 24 مئی 2016ء اور ای پی ڈی سرکلر لیٹر نمبر 12 بتاریخ یکم جون 2015ء میں مذکور ہیں۔

2۔ اس سلسلے میں فی الفور نافذ العمل ہونے والا یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ:

i۔ 'وزیرِ اعظم اور چیف جسٹس آف پاکستان فنڈ برائے دیامیر بھاشا اور مہمند ڈیم' کے لیے بیرونِ ملک پاکستانیوں سے عطیات کی جو رقم ملکی بینکوں کو ترسیلات کے چینل کے ذریعے موصول ہوگی وہ 'ٹی ٹی چارجز کی واپسی کی اسکیم' کی بنا پر ملکی بینکوں کی طرف سے مالی سال 19-2018ء کے دوران دعویٰ جات کی اہل ہوگی۔

ii۔ ہر لین دین میں آغاز کنندہ / رقم بھیجنے والے کا نام اور / یا منفرد حوالہ نمبر شامل ہونا چاہیے۔

iii۔ بینک یہ یقینی بنائیں گے کہ لین دین کی ہر رقم اُسی روز منتقل ہو جائے اور اسکیم سے فائدہ اٹھانے کی غرض سے کسی رقم کے حصے نہ کیے جائیں۔

3۔ اس معاملے پر دیگر تمام شرائط اور ضوابط / ہدایات جوں کی توں رہیں گی۔ مذکورہ بالا ہدایات کی عدم تعمیل کی صورت میں زرِ مبادلہ ضوابط ایکٹ، 1947ء کی متعلقہ شق (شقوں) کے تحت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔

4۔ مجاز ڈیلروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ یہ ہدایات اپنے تمام ماتحتوں کے علم میں لے آئیں۔

آپ کا مخلص

(ارشد محمود بھٹی)

ڈائریکٹر